19-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	مطالعہ تفسیر	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):-------------------------

نام طالبعلم:_______________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ سورۃ البقرۃ کی آیات کی تعداد ہے:

(الف) 282 (ب) 284 (ج) 286 (د) 288

2۔ "الم" حروف ہیں:

(الف) مفرادات (ب) مرکبات (ج) محکمات (د) مقطعات

3۔ سورۃ البقرۃ میں متقین کی صفات بیان ہوئی ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

4۔ سورۃ البقرۃ میں منافقین کی اقسام بیان ہوئی ہیں:

(الف) پانچ (ب) چھ (ج) سات (د) آٹھ

5۔ منافقت بیماری ہے:

(الف) دماغ کی (ب) دل کی (ج) پیٹ کی (د) آنکھ کی

6۔ منافقت سے انسان کو عادت ہوتی ہے:

(الف) جھوٹ کی (ب) غیبت کی (ج) چغلی کی (د) حسد کی

7۔ بقرۃ کا معنٰی ہے:

(الف) بھینس (ب) گائے (ج) بکرا (د) اونٹ

8۔ منافقین کے گروہ ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

9۔ بنی اسرائیل نے غذا کھانے کی خواہش کی:

(الف) گوشت (ب) حلوہ (ج) سبزی (د) پھل

ورق الٹیے

10۔بنی اسرائیل اس نبی کی اولاد ہے:

(الف) حضرت ابراہیمؑ (ب) حضرت اسماعیلؑ (ج) حضرت اسحاقؑ (د) حضرت یعقوبؑ

11۔گائے ذبح کرنے سے پہلے قوم موسیٰؑ نے سوال کیے:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

12۔حضرت موسیٰؑ نے جب اللہ کے حکم سے اپنا عصا پتھر پر مارا تو چشمے پھوٹے:

(الف) چھ (ب) آٹھ (ج) دس (د) بارہ

13۔خانہ کعبہ کی تعمیر نبی نے اپنے ہاتھوں سے فرمائی:

(الف) حضرت عیسیٰؑ (ب) حضرت ابراہیمؑ (ج) حضرت اسحاقؑ (د) حضرت یعقوبؑ

14۔نماز کی حفاظت کا ترجیحاً حکم دیا گیا ہے:

(الف) فجر (ب) ظہر (ج) عصر (د) عشاء

15۔مدت ایلاء ہے:

(الف) تین ماہ (ب) چار ماہ (ج) پانچ ماہ (د) طھ ماہ

16۔مطلقہ کی عدت اتنے حیض ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

17۔امام اعظم کے ہاں مدت رضاعت ہے:

(الف) ڈیڑھ سال (ب) دو سال (ج) اڑھائی سال (د) تین سال

18۔بیوہ کی عدت ہے:

(الف) ایک سال (ب) چھ ماہ دس دن (ج) چار ماہ دس دن (د) تین ماہ دس سن

19۔اس نبیؑ کو سو سال کی موت کے بعد زندہ کیا گیا:

(الف) حضرت نوحؑ (ب) حضرت عزیزؑ (ج) حضرت عزیرؑ (د) حضحرت عیسیٰؑ

20۔اصحاب سبت کی نافرمانی کیوجہ سے اس شکل میں عذاب الٰہی نازل ہوا:

(الف) خنزیر (ب) بندر (ج) ریچھ (د) بھیڑیا

19-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	مطالعہ تفسیر	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------------

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ متقین کی کوئی سی دو صفات بیان کریں۔
2۔ ایمان بالغیب سے کیا مراد ہے؟
3۔ دنیا و آخرت میں متقین کا مقام کیا ہے؟
4۔ کفار و مشرکین کے لیے آخرت میں اللہ کا کیا عذاب ہے؟
5۔ کیا منافق حق سننے، کہنے اور دیکھنے سے معذور ہو جاتے ہیں؟ تحریر کریں
6۔ منافقین کس کو دھوکہ دیتے ہیں؟
7۔ جہنم کی آگ کا ایندھن کون لوگ ہوں گے؟
8۔ قرآن کن کے لیے ہدایت اور کن کے لیے گمراہی ہے؟
9۔ نافرمانوں کی صفات اور علامات بیان کریں۔
10۔ کیا انسان کی دو موتیں اور دو زندگیاں ہیں؟ تحریر کریں۔
11۔ حضرت آدمؑ کو اللہ تعالیٰ نے کس وجہ سے فرشتوں پر فوقیت دی؟
12۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ اور حضرت حواؑ کو کس چیز سے منع فرمایا؟

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ مشکلات میں کن چیزوں کے ذریعے مدد مانگنے کا حکم ہے؟ تحریر کریں۔
2۔ آل فرعون بنی اسرائیل پر کون سے ظلم کرتے تھے؟
3۔ من و سلویٰ سے مراد کیا مراد ہے؟
4۔ من و سلویٰ کا انعام کب اور کس وادی میں عطا کیا گیا؟
5۔ ہاروت و ماروت کون تھے؟ اور یہ کس شہر میں اتارے گئے؟
6۔ مساجد کو ویران کرنے والوں کی نشانیاں کیا ہیں؟
7۔ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی اولاد کے لیے اللہ سے کونسی نعمت طلب کی؟
8۔ حضرت ابراہیمؑ نے حضور اکرم ﷺ کی بعثت کی دعا میں آپ ﷺ کی کن صفات کا تذکرہ کیا؟
9۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ البقرہ میں "شعار اللہ" کس کو کہا ہے؟
10۔ اللہ تعالیٰ نے کن چیزوں کے حرام ہونے کا حکم دیا ہے؟
11۔ ایمان کے بنیادی ارکان بیان کریں۔
12۔ آخرت میں مرتد کی سزا کیا ہے؟

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے کیا عہد کیا؟ اور کن کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا؟ تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. روزوں کی فرضیت کا مقصد کیا ہے؟ نیز روزوں میں رعایت کس کو دی گئی ہے؟ اور روزوں کی راتوں کے احکام مفصل تحریر کریں۔
iii. ایلاء سے کیا مراد ہے؟ اور طلاق کی اقسام اور عدت بیان کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. حضرت ابراہیمؑ کا نمرود کے ساتھ کیا مباحثہ ہوا؟ نیز حضرت ابراہیمؑ کے بیان کردہ دلائل تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. حضرت ابراہیمؑ نے موت کے مشاہدے کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کیا درخواست کی؟ اور کتنے پرندوں کو ذبح فرمایا؟ نیز کیا پیغمبروں کی دعا سے مردے زندہ ہوتے ہیں؟ مفصل نوٹ قلمبند کریں۔
iii. اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے والوں کو کتنے گنا ثواب ملتا ہے؟ اور کیا ان کے دلوں میں دنیا اور آخرت کا خوف ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔